کیلگری سے ٹروڈو صاحب کی پیپلقش پہلے ہی ان کی آئل پالیسی کی وجہ سے زوروں پر تھی چنانچہ پریڈ کے دن الیکشن کروانے کو یہاں لوگوں نے گویا ذاتی توہین پر محمول کیا اور اس "خشکی" کا خمیازہ بیچارے لبرل امیدواروں کو بھگتنا پڑا کہ منتخب ہونا تو کجا اکثر ضمانتیں بھی ضبط کروا بیٹھے۔

اس مرتبہ پریڈ ۷ جولائی کو ہو رہی ہے بڑی زور دار ہوگی کیونکہ شہر کیلگری کا صد سالہ جشن بھی اسی سال منایا جا رہا ہے۔ چنانچہ زور شور سے تیاریاں ہو رہی ہیں۔ پریڈ کے سلسلے

آتی ہے۔ اگر ہم نے اپنی زبان اور ثقافت کے تحفظ میں غفلت سے کام لیا تو وہ دن دور نہیں جب ہمارے بچوں کی بھی اسی طرح نمائش ہوا کرے گی۔ ریڈ انڈین تو مجبور تھے کہ مفتوح کو سب کچھ سہنا پڑتا ہے۔ ہمارے پاس کیا جواز ہے؟ لیجئے پھر بات کہاں جا نکلی۔ پریڈ کی سب سے بڑی کشش تو وہ فلوٹ (FLOATS) ہوتے ہیں جنہیں یہاں کی ثقافتی انجمنیں تیار کرتی ہیں ان کو بڑی خوبصورتی سے سجایا جاتا ہے۔ ہر سال بہترین فلوٹ کو انعام ملتا ہے۔ اس خوبصورتی کا بڑا حصہ مغربی حسن کی جیتی جاگتی پرشباب

خوابوں کی تعبیر نہ پوچھو!

علی حیدر

خوابوں کی تعبیر نہ پوچھو!
صحرا صحرا پھول کھلیں گے
لاش گلشن، بھول اڑ رہا،
رات کو سورج چمکے گا
جنگل میں بازار بجیں گے
شہروں میں سناٹا ہوگا
سانسوں میں خوشبو سی رہے گی
نکہت ہونٹوں کو ترسے گی
نغمے نالے بن جائیں گے
مرہم، چھالے بن جائیں گے
جانے والی رُت آئے گی
آنے والی رُت جائے گی!

قطعات

سلیم احمد

یہ قربِ جاں، قرارِ زندگی ہے
میں نسبت بھول جاؤں کیسے تن کی
بجا ہے روح کا پھل ہے محبت
یہ پھل پکتا ہے گرمی سے بدن کی

●

گھٹا جاتا ہوں اپنی ذات میں میں
یہاں آب و ہوا تازہ نہیں ہے
نکلنا چاہتا ہوں خود سے باہر
مگر اس گھر کا دروازہ نہیں ہے

●

غزل

ناصر شہزاد

جنوں، جگوں کی پیاس میں
تجھ بن، جیوں کس آس میں
دیکھوں، میں جب جب بھی اُسے
کرنیں کھلیں احساس میں
دور دُوپ ہم — ایک کلپنا
رنگ انگ میں، بو، باس میں
گیاں ری، پیتم منہ مکھی
جھکے، نین آکاس میں
نازک، نکیلے، موہنے
ٹیلے، ندی کے طاس میں
تجھ سے آمٹ سنجوگتا
تو پران میں، تو ماس میں
مَل تیاگ دیں، تپتے بدن
جنگل کی شیتل گھاس میں
اکھیاں، میں اک تارا سی لو
جیسے چمک، الماس میں
پی بن، سکھی، سب کچھ، اچل
بیراگ میں، سنیاس میں

دنیا کے تمام مفکر ماں کی عظمت کے قائل ہیں

ماں کی عظمت

تحریر : فرح نیازی ساہیوال

ابتدائے آفرینش سے لے کر آج تک اس جہان آب و گل میں جتنے بھی مفکر پیدا ہوئے خواہ وہ مذہبی پیشوا ہوں یا تمام مذاہب کے متفقہ عقیدے کے مطابق آسمانی قوانین کو اس دنیا میں روشناس کرانے پر مامور تھے۔ ماں کی عظمت کے سب قائل ہیں۔ ماں کی شخصیت دین و دنیا دونوں ہی لحاظ سے بے انتہا عظمت کی حامل ہے جہاں تک کہ ماں کے پاؤں کے نیچے جنت بتا کر رحمت کامل نے ہمیں صرف اس کی اطاعت کو جنت میں نجات کا وسیلہ ٹھہرایا ہے بلکہ اس کی ان بے بہا خدمات کا بھی اعتراف کیا ہے جو وہ بنی نوع انسان کی پرورش کے سلسلے میں بے لوث کرتی ہے۔ دنیا کی ماؤں کو حضرت مریم اور حضرت فاطمۃ الزہرہ جیسی ماؤں پر بجا طور پر فخر ہے جنہوں نے عیسٰی اور حسینؓ جیسے عالی مرتبت اور بلند ہمت

ماں کی شخصیت دونوں لحاظ سے عظمت کی حامل ہے۔

فرزند پیدا کئے۔ آخرت میں تمام انسانوں کے نام ان کی ماؤں کے نام کے ساتھ پکارے جائیں گے۔ پیدائش کے وقت انسان ایک گوشت کے لوتھڑے سے زیادہ کچھ نہیں ہوتا۔ اس کی مثال اس نازک ننھے پودے کی سی ہوتی ہے جو ہوا کا ایک

جھونکا بھی نہ سہہ سکے۔ ممتا کی شفقت اسے پالتی ہے اس کے لئے تکلیف اٹھاتی ہے حتیٰ کہ یہ نازک پودا تناور درخت بن جاتا ہے۔ ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے اپنی ماں کا نمونہ ہوتا ہے۔ ایک اچھی ماں سو معلموں کے برابر ہوتی ہے۔ ماں [illegible]

ماں کی شفقت، پیغمبر کی شفقت کی طرح ہوتی ہے جو اقوام کی سیرت کی تشکیل کرتی ہے یہی قوم کا سرمایہ اور متاع اور یہ دولت نہیں ہوتا بلکہ ذہین محنت کش اور جفاکش و جوانمرد ہونہار فرزند ہوتے ہیں جو اچھی اور سمجھدار مائیں ہی پیدا کر سکتی ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اولاد و عبت کے بنیادی محافظ اور ملت کی قوت نیک مائیں ہی ہیں۔

خواجہ امجد سعید

وفاقی بجٹ ۷۶-۱۹۷۵ء — ایک ناقدانہ جائزہ

انتظامیہ پر مصارف میں متحدہ پاکستان کے مقابلہ میں ۱۹۱ فیصد کا اضافہ ہوا ہے

بعض تخمینوں کی بنیاد خوش فہمی پر ہے — آمدنی کے نئے وسائل تلاش نہیں کئے گئے

۷۵-۱۹۷۴ء کے میزانیہ کے نظرثانی شدہ اعداد و شمار اصل تخمینوں سے خاصے مختلف ہیں۔ اس کی چند نمایاں مثالیں یہ ہیں:

۱: اصل تخمینوں میں ایک ارب ۴۰ کروڑ روپے فاضل دکھائے گئے تھے لیکن نظرثانی شدہ میزانیہ میں ایک ارب ۲۵ کروڑ ۵۰ لاکھ روپے کا خسارہ دکھایا گیا ہے گویا جو تصویر ابتدا میں خوش آئند تھی وہ انجام کار "ریت" ہو گئی۔

۲: کسٹم ڈیوٹی کی مد میں نظرثانی شدہ تخمینوں میں ایک ارب ۱۱ کروڑ ۵۰ لاکھ روپے کی کمی دکھائی گئی ہے۔

۳: ابتدائی تخمینے میں وفاقی سروسز کی مد میں کل غیر ترقیاتی مصارف کا ۱۵ فیصد دکھایا گیا تھا جبکہ نظرثانی شدہ رقم ۴۴ فیصد رہ گئی۔

۴: استعمال اشیاء کی سستے داموں فراہمی کے لیے امدادی رقوم کل مصارف کا ۱۱ فیصد دکھائی گئی تھیں جو نظرثانی شدہ میزانیہ میں کل مصارف کا ۲۱ فیصد ہو گئیں حالانکہ ۱۰ اپریل ۱۹۷۵ء کو گندم اور بناسپتی گھی کی سرکاری قیمتوں میں نمایاں اضافہ کیا گیا تھا۔

عام احساس یہ ہے کہ ۷۵-۱۹۷۴ء کے بجٹ کے ابتدائی تخمینے ایک سنی بیکار کی حیثیت رکھتے ہیں کیونکہ متعلقہ مالی سال کے دوران میں ان تخمینوں میں پانچ بار تبدیلیاں کی گئیں۔ یہ تبدیلیاں مندرجہ ذیل ہیں:

۱: بجٹ کے فوراً بعد کسٹم ڈیوٹی تبدیل کر دی گئی۔

۲: فوراً ہی تیل کی قیمتوں میں بھی تبدیلی آ گئی۔

۳: ستمبر ۱۹۷۴ء میں کاٹن پالیسی کا اعلان کیا گیا۔

۴: فروری ۱۹۷۵ء میں ضمنی بجٹ تیار کیا گیا۔

۵: اپریل ۱۹۷۵ء میں تین بنیادی ضروریات گندم، چینی اور بناسپتی گھی کی نئی سرکاری قیمتوں اور ایکسائز کے ڈھانچے کا اعلان کیا گیا۔

۷۶-۱۹۷۵ء کا میزانیہ

۷۵-۱۹۷۴ء اور ۷۶-۱۹۷۵ء کے بجٹوں میں ٹیکسوں کا ڈھانچہ یکساں ہے جب ۱۹۷۴ء کے میزانیہ میں اس سے پچھلے سال کے میزانیہ کے مقابلہ میں ٹیکسوں کی مد میں حاصل میں ۲۲۲ فیصد کا اضافہ دکھایا گیا تھا جبکہ سال رواں کے میزانیہ میں سابق سال کے میزانیہ کے مقابلہ میں اضافہ کی شرح ۱۹۲۴ فیصد دکھائی گئی ہے گیا ۶۵ کروڑ روپے کے نئے ٹیکس لگائے گئے ہیں۔ اس میں ۱۸ کروڑ ستر لاکھ کے نئے ٹیکس ہیں اور ۴۶ کروڑ ۵۰ لاکھ روپے سروسز کی قیمتوں میں اضافہ کے ہیں۔ ان میں ریل سے بار برداری کے کرایہ میں اضافہ بھی شامل ہے جو

میں پانچ کروڑ دس لاکھ روپے کی کمی تجویز کی گئی ہے۔ چھبیس کروڑ نوے لاکھ روپے سرکاری ملازمین کے لیے بطور "ریلیف" رکھے گئے ہیں۔ دو کروڑ روپے "یوٹیلٹی سٹورز" کی سہولتیں فراہم کرنے کے لیے رکھے گئے ہیں۔ اس طرح ٹیکسوں کی مد میں اصل اضافہ ۳۱ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے رہ جاتا ہے۔ ٹیکسوں کے تخمینے حقیقت پسندانہ معلوم نہیں ہوتے اور ان کی بنیاد خوش فہمیوں پر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے:

کسٹم ڈیوٹی

زیور، فولاد، کاغذ وغیرہ پر درآمدی ڈیوٹی میں اضافے سے ۱۴ کروڑ ۵۰ لاکھ روپے زیادہ حاصل ہوں گے۔ توقع ہے کہ اس مد میں ۹۰ کروڑ ۱۰ لاکھ روپے مزید حاصل ہوں گے۔ اس مفروضہ کی بنیاد لچک کے اصول پر ہے۔ لیکن یہ بھی ممکن ہے جب ہم ۷۶-۱۹۷۵ء کے دوران میں درآمدات کا سابقہ ریکارڈ توڑ دیں۔

ایکسائز ڈیوٹی

اس مد میں ایک ارب ۲ کروڑ ۴۰ لاکھ روپے کا اضافہ دکھایا گیا ہے سوال یہ ہے کہ کیا صنعتی سرگرمیوں میں اضافہ ہو گا کہ حکومت کو اتنی اضافی رقم مل سکیں؟ اسی طرح سیلز ٹیکس کی مد میں بھی ۲۰ کروڑ روپے کا اضافہ دکھایا گیا ہے۔

آمدنی ٹیکس

۷۵-۱۹۷۴ء میں صنعتی شعبہ میں پیداوار میں صرف تین فی صد اضافہ ہوا کپاس کی حد تک بین الاقوامی بحران ہونے سے ٹیکسٹائل کے شعبہ کی کارکردگی بہتر نہ تھی کیا ۷۶-۱۹۷۵ء کے دوران میں ایک ارب ۲۰ کروڑ روپے حاصل ہو سکیں گے؟ اس سوال کا جواب دینا مشکل ہے یہ افسوس کا مقام ہے کہ ۷۶-۱۹۷۵ء کے میزانیہ کے لئے آمدنی کے نئے وسائل تلاش کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ البتہ قومی مالیاتی کمیشن نے بعض وفاقی محاصل کو صوبوں کے درمیان تقسیم کرنے کے سلسلے میں جو نیا فارمولا تیار کیا اور جسے حکومت نے منظور کر لیا وہ البتہ ایک صحیح اور قابل تعریف اقدام ہے۔

غیر ترقیاتی مصارف

۷۶-۱۹۷۵ء کے میزانیہ میں اس سے پچھلے سال کے میزانیہ کے مقابلے میں غیر ترقیاتی مصارف میں ۳۴ فی صد کا اضافہ دکھایا گیا تھا۔ سال رواں کے میزانیہ میں


۱۴ ارب ۴۴ کروڑ ۷۰ لاکھ کے مصارف کا تخمینہ ہے جبکہ گزشتہ سال کے نظرثانی شدہ تخمینہ میں یہ رقم ۱۱ ارب ۴۷ کروڑ اسی لاکھ روپے تھی گویا اس مد میں کچھ کمی کی گئی ہے۔

وفاقی سروسز

مروجہ سال میں کل غیر ترقیاتی مصارف کا ۴۹ فی صد (سات ارب دو کروڑ ۷۰ لاکھ روپے) دفاع کے لئے رکھے گئے ہیں۔ ۷۵-۱۹۷۴ء کے نظرثانی شدہ تخمینہ میں یہ رقم غیر ترقیاتی مصارف کا ۴۴ فی صد تھی (چھ ارب ۲۹ کروڑ ۳۰ لاکھ روپے) ۷۵-۱۹۷۴ء کے ابتدائی تخمینہ میں وفاقی مصارف کل اخراجات کا ۵۱ فی صد دکھائے گئے تھے۔

قرضے

کل غیر ترقیاتی مصارف کا ۲۲ فی صد قرضوں کی واپسی کے لئے مختص کیا گیا ہے۔ ۷۶-۱۹۷۵ء کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ میں غیر ملکی امداد پر زیادہ انحصار کیا گیا ہے۔ گیارہ ارب پچاس کروڑ روپے یعنی کل مصارف کا ۹۱ فی صد غیر ملکی



خواجہ امجد سعید چیئرمین شعبہ بزنس ایڈمنسٹریشن پنجاب یونیورسٹی لاہور

ذرائع سے حاصل کرنے کا پروگرام بنایا گیا ہے لیکن چار ارب نوے کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضہ کے پیش نظر تین ارب ستر لاکھ روپے کی جو رقم میزانیہ میں رکھی گئی ہے بہت کم ہے۔ ۷۵-۱۹۷۴ء کے بجٹ کے تخمینے میں یہ رقم دو ارب چھ کروڑ روپے رکھی گئی تھی۔ لیکن اسی سال کے نظرثانی شدہ میزانیہ میں یہ رقم دو ارب ۵۲ کروڑ پچاس لاکھ روپے ہو گئی تھی۔ یہ صورت حال تقریباً مستقل ہو چکی ہے اور آئندہ برسوں میں بھی ملک کے لئے پیچیدگیاں پیدا کرتی رہے گی۔

سول نظم و نسق

۷۵-۱۹۷۴ء کے اصل تخمینوں میں سول نظم و نسق کے مصارف کل غیر ترقیاتی مصارف کا ۹ فی صد دکھائے گئے تھے جو نظرثانی شدہ تخمینہ میں دس فی صد ہو گئے۔ موجودہ سال کے بجٹ میں یہ مصارف کل غیر ترقیاتی مصارف کا ۱۱ فی صد ہیں۔ ۷۱-۱۹۷۰ء میں متحدہ پاکستان کے زمانہ میں سول نظم و نسق کے مصارف اسی کروڑ ستر لاکھ روپے تھے۔ سال رواں کے بجٹ میں ان مصارف کا تخمینہ ایک ارب ۴۴ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے ہے۔ گویا ان مصارف میں ۱۹۱ فی صد کا اضافہ ہو چکا ہے۔ حکومت نے اس مسئلہ کا جائزہ لینے کے لئے ایک کمیٹی قائم کی ہے جب تک نظم و نسق میں کچھ بنیادی اور انقلابی تبدیلیاں نہیں کی جائیں اس وقت تک ان مصارف میں کمی کی توقع نہیں کی جا سکتی۔

فلاحی اداروں کے مصارف

حکومت نے ایم ایس سی لیکچراروں کو پانچ ترقیاں دینے کا جو فیصلہ کیا ہے وہ بہرحال قابل تعریف ہے۔ تاہم اس فیصلہ سے ان لیکچراروں کے لئے مشکلات پیدا ہوں گی۔ جن کے پاس پیشہ ورانہ مضامین — بزنس ایڈمنسٹریشن — کامرس (ایم کام) ایل ایل بی، فنون لطیفہ، اقتصادیات، صحافت وغیرہ کی ڈگریاں ہیں۔ حکومت کو چاہئے کہ پیشہ ورانہ مضامین میں درجہ اول کی ایم اے کی ڈگریاں رکھنے والوں کو بھی ترقیاں دی جائیں۔

امدادی رقوم

سال رواں کے میزانیہ میں اس مد میں گزشتہ سال کے نظرثانی شدہ بجٹ کے مقابلے میں کم رقم رکھی گئی ہے۔ گندم کے لیے امدادی رقم ۹۵ کروڑ اور دوسری اشیاء کے لیے چالیس کروڑ دس لاکھ روپے کم ہونے کا تخمینہ ہے۔ اس کی بنیاد یہ مفروضہ ہے کہ سال رواں میں گندم کی فصل زیادہ ہو گی اور چھ لاکھ ٹن گندم حاصل ہو گی جبکہ گزشتہ سال تین لاکھ ٹن گندم پیدا ہوئی تھی۔ ہم دعا ہی کر سکتے ہیں کہ گندم کی پیداوار میں اضافہ کی یہ توقع پوری ہو جائے۔

اس تفصیل سے یہ مجموعی صورت حال سامنے آتی ہے کہ ۷۳-۱۹۷۲ء کا میزانیہ تقریباً دس کروڑ روپے خسارہ کا میزانیہ تھا۔ ۷۴-۱۹۷۳ء کے بجٹ میں خسارہ ۲۷ کروڑ روپے تھا۔ ۷۵-۱۹۷۴ء کے بجٹ میں ایک ارب ۲۵ کروڑ پچاس لاکھ روپے، لیکن سال رواں میں خسارہ کی بجائے ۱۶ کروڑ ۹۰ لاکھ روپے فاضل دکھائے گئے ہیں۔

بہنوں کی محفل

مزیدار اور آزمودہ پکوان

سالم مچھلی

اجزاء: بڑی مچھلی ایک عدد۔ روٹی کے ٹکڑے ۰۰ عدد۔ [illegible] مچھلی کے ٹکڑے چند۔ سرخ مرچ آدھی پیالی سبز مرچ چار عدد۔ لہسن تین پوتھی۔ سبز دھنیا [illegible] [illegible] لیموں کا رس۔

ترکیب: پہلے روٹی کے ٹکڑوں کو بھگو دیں پھر پانی نچوڑ کر اسے مچھلی کے ٹکڑوں لہسن ہری مرچ، ہرا دھنیا اور پنیر کو ملا دیں۔ لیموں کا رس بھی ملا دیں۔ بڑی مچھلی کو اچھی طرح صاف کریں اور اس کے چاک شدہ پیٹ میں مندرجہ بالا چیزیں بھر دیں۔ مچھلی کے دونوں طرف چھری یا کسی نوکدار چیز سے کچوکے دیں۔ اور اس پر نمک مرچ اور سیاہ مرچ پسی ہوئی چھڑک دیں پھر اسے تنور میں پکنے کیلئے رکھ دیں۔ یاد رہے کہ تنور میں تپش دھیمی ہونی چاہیئے۔

مچھلی کا سالن

اجزاء: مچھلی ایک سیر۔ دہی ایک پاؤ۔ سرخ مرچ ڈیڑھ تولہ پسا ہوا دھنیا ایک تولہ۔ لہسن ایک گانٹھ پیاز ایک گانٹھ

ترکیب: مچھلی کے ٹکڑوں کو گھی میں فرائی کر لیں، پتیلی کو چولہے پر رکھ کر اس میں آدھ پاؤ گھی میں سب مصالحہ پیس کر ڈال لیں اور خوب بھون لیں اب اس میں دہی شامل کر لیں۔ جب مصالحہ خوب بھن جائے تو اس میں مچھلی کے فرائی کئے ہوئے ٹکڑوں کو ڈال دیں، پانچ منٹ کے بعد اتار لیں، پتیلی اتارنے کے بعد اس میں کٹی ہوئی ادرک اور ہرا دھنیا ہری مرچ شامل کر لیں۔ مچھلی کا سالن تیار ہے۔

گاجر کا حلوہ

اشیاء: گاجر دو سیر۔ انڈے چھ عدد۔ کھویا ایک پاؤ۔ گھی آدھ پاؤ۔ چینی حسب ضرورت۔ چھوٹی الائچی اور کھوپرا وغیرہ۔

ترکیب: گاجروں کو کدوکش کرنے کے بعد انہیں گھی میں ڈال کر بھونیں۔ جب گاجریں گھی میں گل جائیں تو پھر اس میں چینی ڈال دیں جب گاجریں گھی چھوڑنا شروع کر دیں تو کھوپرا اور الائچی وغیرہ ڈال دیں۔ کچھ دیر مزید بھونیں نہایت ہی لذیذ حلوہ تیار ہے۔ (انڈے ابال شدہ کتر کر اوپر جما دیں)

گاجر دودھ

اشیاء: گاجر ایک سیر دودھ ایک سیر چینی حسب [illegible]

ترکیب: گاجروں کے باریک باریک ٹکڑے [illegible] [illegible] [illegible] دودھ [illegible] ساتھ ہی چینی حسب ضرورت ڈال دیں اور پکانے کیلئے رکھ دیں جب دودھ بالکل خشک ہو جائے اور کھوئے کی طرح ہو جائے تو اس کو اتار لیں صبح نہار منہ استعمال کریں۔ [illegible] کیلئے یہ بہت مفید چیز ہے اور دل والے مریضوں کیلئے آزمودہ چیز ہے۔

بعض وزراء اور اعلیٰ حکام غیر ملکی تجارت میں دھاندلیوں اور سمگلنگ میں براہ راست ملوث ہیں

یہ لوگ مشیروں کا لبادہ اوڑھ کر حکومت میں گھس آئے ہیں

قومی اسمبلی میں بجٹ پر بحث کے دوران سرکاری پارٹی کے رکن ملک سلیمان کے سنسنی خیز انکشافات

بلوچستان کے غاروں سے مزید اسلحہ برآمد ہوا ہے: جام غلام قادر

گرفتار ہونے والے ۳۵ افراد سے پوچھ گچھ جاری ہے

عرب لیگ نے سلامتی کونسل کی نشست کے لئے بھارت کی حمایت کا کوئی فیصلہ نہیں کیا

پاکستان کو نہ صرف عرب ممالک بلکہ تیسری دنیا کے ممالک کی بھرپور حمایت بھی حاصل ہے

**

پنجاب میں شدید گرمی کی لہر، بعض مقامات پر درجہ حرارت ۱۱۳ تک پہنچ گیا

لاہور میں ۱۱۳ درجے گرمی پڑی، متعدد افراد بے ہوش ہو گئے

مختلف شہروں کا درجہ حرارت

میانوالی	۱۱۹
پشاور	۱۱۶.۵
سرگودھا	۱۱۵
سیالکوٹ	۱۱۴
راولپنڈی	۱۱۱
ملتان	۱۱۰
لاہور	۱۰۹.۲

حشیش سمگل کرنے پر دو پاکستانی اور دو امریکی گرفتار

صدر فورڈ پاکستان اور چین کا دورہ کریں گے

واشنگٹن ـــــ (پی پی) باوثوق ذرائع نے معلوم ہوا ہے کہ صدر فورڈ آئندہ موسم خزاں میں چین کا دورہ کرنے کے بعد غالباً پاکستان بھی آئیں گے۔

بھارت سال رواں کے آخر تک ایک اور ایٹمی دھماکہ کرے گا

پاکستان، ایران، بھارت، بنگلہ دیش اور سری لنکا یکم نومبر سے کرنسی کا نیا نظام قائم کریں گے



پاکستان اور لیبیا کا مشترکہ ایوان صنعت و تجارت جلد قائم ہو جائے گا

انتظامات کو آخری شکل دے دی گئی

اسلام آباد۔ (سٹاف رپورٹر) پاکستان اور لیبیا میں ایک مشترکہ ایوان صنعت و تجارت قائم کرنے کے انتظامات کو آخری شکل دے دی گئی ہے۔ یہ مشترکہ ادارہ جلد قائم ہو جائے گا۔ اس سلسلے میں بات چیت کے لئے لیبیا کا ایک وفد اسی ماہ پاکستان آنے والا ہے۔ دونوں ممالک مشترکہ ایوان صنعت و تجارت کے قیام کی منظوری پہلے ہی دے چکے ہیں۔

سندھ کے سرکاری افسر ڈیوٹی کے دوران شلوار قمیص استعمال کر سکتے ہیں

صادق حسین قریشی نے پنجاب اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھایا

ندا الاسلام کلکتہ میں سکونت اختیار کریں گے

کشمیری عوام حق خود ارادیت کی جدوجہد میں خود کو تنہا نہیں پائیں گے: بھٹو

دنیا کی کوئی طاقت پاکستان اور کشمیری عوام کے تعلق کو کمزور نہیں کر سکتی

حکومت پاکستان آزاد کشمیر کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے ہر ممکن امداد دے گی

مظفر آباد ۔۔۔۔ (پ پ) وزیر اعظم پاکستان ... [illegible]

ناجائز ذرائع سے دولت کمانے والے ارکان اسمبلی اور وزراء کو قید کی سزا دی جائے گی



بدعنوانی ثابت ہونے پر نشستوں سے بھی محروم کر دیا جائے گا: معراج خالد

سیاسی اور پارلیمانی قیادت میں بدعنوانی ختم کرنے کے لیے قوانین بنائے جا رہے ہیں

لاہور ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) ناجائز ذرائع سے دولت ... [illegible]

فلسطینی مسئلے کے حل کا انحصار تمام مقبوضہ علاقوں کی واپسی پر ہے: شاہ خالد

بیروت ۔۔۔۔ ... [illegible]

پنجاب کی سیاسی صورت حال میں کوئی نئی تبدیلی نہیں ہوئی: حنیف رامے

ملتان میں وزیر اعظم بھٹو سے وزیر اعلیٰ پنجاب کی اہم ملاقات

ملتان کے مسائل حل کرنے کے لیے ہدایات جاری کر دی گئی ہیں



ملتان ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب محمد حنیف رامے نے کہا ہے کہ پنجاب کی سیاسی صورت حال ... [illegible]

رواں مالی سال کے دوران پاکستان کو امریکہ سے ۸ کروڑ ۵۰ لاکھ ڈالر امداد ملے گی

کراچی ۔۔۔۔ (پ پ) ... [illegible]

نیپ کا مقصد پاکستان کو تباہ کرنا ہے

کالعدم جماعت پاکستان کو مختلف قوموں پر مشتمل ریاست سمجھتی ہے

سپریم کورٹ میں سرکاری ریفرنس پر اٹارنی جنرل کے دلائل

راولپنڈی ۔۔۔۔ (پ پ) ... [illegible]

شہزادہ فیصل سرزمین عرب پر خدا اور رسول کا سب سے بڑا مجرم تھا: شاہی اعلان

مجرم فیصل بن مساعد اسلام کو ملک کی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ قرار دیتا تھا



میں نے شاہ فیصل کو اسلام ختم کرنے کے لیے قتل کیا تھا۔ گردن اڑائے جانے سے پہلے قاتل کا بیان

بیروت ۔۔۔۔ (پ پ) شہزادہ فیصل بن مساعد ... [illegible]

اسلامی نظام کے راستے میں کانٹوں کو اشتراک عمل سے دور کرنے کی ضرورت ہے

قومی سالمیت کے خلاف لسانی قومیت کے پراپیگنڈے کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے: مولانا مودودی



لاہور ۔۔۔۔ ... [illegible]

تربیلا بند کی پانچویں سرنگ کی تعمیر اگلے سال مئی میں مکمل ہو جائے گی

تربیلا ۔۔۔۔ (پ پ) ... [illegible]

معین اختر



فریدہ خانم



ایشین کلچرل سوسائٹی آف کینیڈا کی جانب سے

سید محمد حسین پیش کرتے ہیں

انڈو پاک کے مشہور فنکار

مہدی حسن

فریدہ خانم، معین اختر، شیبا حسن (رقاصہ) اور ماہر سازندوں کے ساتھ

MOIN AKHTAR


FARIDA KHANUM



MEHDI HASAN

یہ محفلِ نغمہ و رقص آپ تمام قدردان احباب کے تسکینِ ذوق کی خاطر منعقد کی جا رہی ہے۔ جو آپ کے نظم و ضبط، ذوق اور قدردانی کی آئینہ دار ہوگی۔

یہ ان عظیم فنکاروں کا اس شہر میں آخری پروگرام ہے۔



بتاریخ ۱۲ جولائی [illegible] بوقت ۸ ساعت شام - بمقام سینیکا کالج آڈیٹوریم

شرح داخلہ ۵ ڈالر - مخصوص نشستوں کے لیے ۱۰ ڈالر - بچوں کیلئے بے بی سٹر کا انتظام ہے - پارکنگ مفت ہوگی - ٹکٹ پاک و ہند کی تمام دکانوں پر دستیاب ہیں

مزید معلومات کیلئے فون کیجیے

493 6131, 463 1289, 425-7333, 261 4447, 449 4201

پندرہ روزہ
کریسنٹ
سوئٹزرلینڈ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔
سنو اللہ کے دوستوں پر نہ کوئی خوف ہو گا اور نہ غم ہو گا۔ (القرآن)

پاکستان اور سلامتی کونسل کی رکنیت

اسلام آباد میں "باخبر حلقوں" نے ان اخباری اطلاعات اور افواہوں کو غلط قرار دیا ہے کہ عرب لیگ نے اپنے ۲۱ اپریل کے اجلاس میں سلامتی کونسل کی رکنیت کے مسئلہ پر حمایت کی حمایت کرنے کا کوئی حتمی فیصلہ کیا تھا یا کوئی فیصلہ کر کے اسے حمایت کی درخواست پر ملتوی رکھا تھا۔ ہم اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتے کہ ان باخبر حلقوں کی اس تردید کا انداز کس قدر پھسپھسا ہے یعنی اس میں تردید کے ساتھ تصدیق کے کتنے پہلو نمایاں ہیں۔ بہرحال ان کی یہ اطلاع اپنی جگہ اطمینان بخش ہے کہ پاکستان نے

جب عرب لیگ کے اس اجلاس کے سات دن بعد (۲۸ اپریل) کو سلامتی کونسل کی رکنیت کا امیدوار بننے کا باضابطہ اعلان کیا تو عالم عرب اور تیسری دنیا کے ملکوں کی طرف سے پاکستان کی متفقہ حمایت و تائید کے امکانات بہت روشن ہو گئے ہیں۔

پاکستان اپنے قیام کے بعد بعض سامراجی طاقتوں خاص طور پر عالمی صیہونیت کی مخالفت اور ریشہ دوانیوں کے باوجود عالم عرب کی خدمت اور دنیا کے ہر حصہ میں قومی آزادی کی تحریکوں کی بھرپور حمایت کے سلسلہ میں جو کردار ادا کرتا رہا ہے، اس کے پیش نظر پاکستان بجا طور پر یہ توقع کر سکتا ہے کہ وہ بھی عالمی سیاست میں موثر کردار ادا کرنے اور چھوٹے مسلم ملکوں کے لئے بڑھتا ہوا خطرہ بننے والے بھارت پر پاکستان کو ترجیح دیں گے۔ مزید برآں بھارت پچھلے سات برسوں میں دو مرتبہ سلامتی کونسل کا رکن رہ چکا ہے۔ اور اب تیسری مرتبہ امیدوار ہے۔ جبکہ پاکستان اس دوران میں عراق، انڈونیشیا اور جاپان کو موقع دینے کے لئے امیدوار بننے کے بعد بھی دستبردار ہوتا رہا ہے۔ لیکن عالمی معاملات میں چونکہ ہر ملک صرف اپنے ہی مفاد کی عینک سے دیکھتا ہے، اور اقوام متحدہ میں کئی باضابطہ اور ڈھیلے گروہوں کے باوجود ہر ملک کے انفرادی مفاد اور معاہدہ ہی کو رائے شماری کے مرحلہ میں فیصلہ کن حیثیت حاصل ہوتی ہے، اس لئے پاکستان کو سلامتی کونسل کی رکنیت کا رسمی امیدوار بننے کے بعد کامیابی کے لئے بھرپور تگ و دو کرنی پڑے گی۔ آئندہ ماہ جدہ میں اسلامی ملکوں کے وزرائے خارجہ کا جو اجلاس ہونے والا ہے۔ اگر پاکستان اس میں شامل ہونے والے تیں درجن سے زائد مسلم اور عرب ملکوں کی بھرپور اور واشگاف حمایت کرنے میں کامیاب ہو جائے تو یہ بات سلامتی کونسل کی رکنیت حاصل کرنے کی طرف اور امید افروز کامیابی بن جائے گی۔

بہرحال سہ ماہی سرگرمیاں ... اجلاس ضروری ہے۔ اور اس میں کوئی کوتاہی اور غفلت نہیں ہونی چاہئے۔ امیدوار بننے کے بعد کامیابی ملک کی عزت اور مفاد دونوں کے لئے ضروری ہے۔

* *

مسائل و افکار — مرزا ادیب مسلمی


کیا اندرا گاندھی برسر اقتدار رہ سکیں گی؟

اس سوال کے دو پہلو ہیں، قانونی اور اخلاقی، جہاں تک قانونی پہلو کا تعلق ہے معاملہ سپریم کورٹ کے سامنے ہے۔ اُسے فیصلہ کرنے کے لئے وقت درکار ہو گا، لیکن دو باتیں سننے میں آ رہی ہیں ایک یہ کہ سپریم کورٹ مسز اندرا گاندھی کے حق میں ہو گا کیونکہ اس کی چیف جج کو انہوں نے بزرگ تر ججوں پر ترجیح دے کر مقرر کروایا تھا۔ کیا وہ اس احسان کو فراموش کر سکتے ہیں! پھر سپریم کورٹ کے لئے یہ بھی ممکن ہے۔ کہ قانونی حدود میں رہتے ہوئے بھی ملک کے وسیع تر مفادات کو پیش نظر رکھتے کو الٰہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے سے اختلاف کرنے کا جواز ٹھہرا سکیں۔ ماضی میں ہماری عدالت عالیہ بھی اس قسم کا فیصلہ دے چکی ہے۔ اونچے معاملات میں قانون لطیف نقطے کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اور اس کے بیان کی مختلف الترح صورتیں بن سکتی ہیں۔ بہرحال کم از کم اس وقت سپریم کورٹ کا موقف معرض بحث میں ہے۔ اور اس کے متعلق پیش گوئی نہیں کی جا سکتی کہ وہ حتمی طور پر وزیراعظم کے خلاف ہو گا۔ دوسرے اگر سپریم کورٹ الٰہ آباد ہائی کورٹ کے فیصلے پر صاد بھی کر دے کہ مسز اندرا گاندھی کا انتخاب ناجائز ہے تو بھی وہ دستور کے مطابق چھ ماہ تک وزارت اعلیٰ پر متمکن رہ سکتی ہیں۔

اب جہاں تک اخلاقی پہلو کا تعلق ہے تو یہ معاملہ بھی قطعی طور پر مسز گاندھی کے خلاف نہیں، اول تو حزب اختلاف کے واویلے کی آواز، جو ہندوستانی پریس کے کافی حد تک آزاد ہونے کے باعث ہم تک پہنچ رہی ہے، ہندوستان کی مکمل سیاست پر حاوی نہیں۔ اس بات سے تو ہرگز انکار نہیں ہو سکتا کہ کانگرس کی پارلیمنٹ میں بہت بڑی اکثریت ہے، جب تک وہ اکثریت قائم ہے، مسز گاندھی کی پوزیشن مستحکم ہے۔ اپوزیشن کے شور و غوغے سے کچھ نہیں بنتا، اب اگر ایک طرف حکمران پارٹی کو اگلے انتخاب تک استحکام حاصل ہے اور اسے اگلے انتخابات میں شکست کے علاوہ کوئی چیز نہیں ہلا سکتی۔ تو دوسری طرف مسز گاندھی کی پوزیشن کے کمزور ہونے کی ایک صورت تھی اور وہ یہ کہ خود ان کے رفقائے کار اور کانگرس کے زعماء استعفیٰ کا مطالبہ کرتے، لیکن اس قسم کی کوئی تحریک شروع نہیں ہوئی، اس ضمن میں اطلاع آئی ہے تو یہی کہ کانگرس پارٹی کی مجلس عاملہ نے مسز گاندھی پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے عہدے پر قائم رہیں، بات یہ ہے کہ معاملہ صرف ذاتی خواہش کا نہیں، ضرور دوسرے کانگرسی لیڈر بھی وزارت اعلیٰ پر براجمان ہونے کی آرزو رکھتے ہوں گے۔ اور ان کے لئے موقع دستوفتہ ہوں گے اور یہ بڑا اچھا موقع ہے۔ لیکن کانگرس کی جمعیت کی کیفیت یہ ہے کہ مسز گاندھی اس کے سنگ بنیاد کی حیثیت رکھتی ہیں کیونکہ موجودہ سرکاری کانگرس وہ پارٹی ہے جو مسز گاندھی نے اپنے کانگرسی مخالفوں، ٹوریانی رہیڈ کی مخالفت کے باوجود قائم کی اور اپنے ذاتی اثر و رسوخ سے جتوایا۔ تو مسز گاندھی کے ساتھی جانتے ہیں کہ اگر وہ پارلیمانی جماعت کی سربراہ نہ رہیں تو ان کی اپنی حیثیت مخدوش ہو جائے گی یعنی موجودہ بحران میں مسز گاندھی ہی ایک تنکا ہیں جن کا وہ سہارا لے سکتے ہیں، اب اگر برسر اقتدار پارٹی جن کی بہرحال ملک میں بالادستی ہے، بدستور مسز گاندھی کا ساتھ دے تو سیاسی اعتبار سے ان کی اخلاقی پوزیشن اتنی کمزور نہیں کہ وہ میدان سے بھاگ جائیں، یہ پوزیشن مسٹر نکسن سے کہیں زیادہ مضبوط ہے اور وہ آخر تک اپنے عہدے سے چمٹے رہے تاآنکہ سینیٹ میں اخراج کی کارروائی مکمل ہونے کو آئی۔

اخلاقی پہلو کا تیسرا نکتہ یہ ہے کہ جو الزامات مسز گاندھی پر دھرے گئے ہیں وہ ہندوستانی دستور کی صریح خلاف ورزی پر مبنی ہیں۔ انہیں اپنے انتخابات کے لئے سرکاری مشینری کو استعمال نہ کرنا چاہیئے تھا۔ اس میں دو سوال پیدا ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ کیا کوئی برسراقتدار پارٹی اور اس کا سربراہ انتخابات میں حکومتی کر و فر، رعب و داب اور سہولتوں سے غیر متمتع اور بے نیاز رہ سکتا ہے۔ اس کے اثر و نفوذ کی سطح اپنی حریف پارٹی یا پارٹیوں کے کبھی برابر ہو سکتی ہے کہ برسراقتدار وزیراعظم مستعفی ہو جائے اور انتخابات کا انتظام کسی غیر جانبدار ادارے کے سپرد ہو، ورنہ اور کچھ نہیں تو وزیراعظم کی حفاظت پر تو ضرور خرچ آئے گا۔ غالباً اسی صورت حال کو پیش نظر رکھتے ہوئے۔ بعض ملکوں کے دستور نے مثلاً امریکہ، برسراقتدار صدر کو انتخابات میں حصہ لینے کی صورت میں سرکاری مراعات سے مستفید ہونے کی اجازت دی ہے اور وہ اپنی انتخابی مہم میں صدارتی ہوائی جہازوں اور ریل کو استعمال کرنے کا مجاز ہے؟ دوسرا اور اہم سوال یہ ہے کہ ۱۹۷۱ء کے انتخابات میں نئی کانگرس کی مقبولیت اور بے مثال کامیابی کی وجہ ہی مسز اندرا گاندھی کی شخصیت تھی۔ دراصل انہوں نے یہ انتخابات مشرقی پاکستان کی فتح کی بنا پر جیتے تھے۔ تو کیا اس بات کا امکان تھا کہ مسز گاندھی اپنی پارٹی کو تو ملک میں بڑی اکثریت سے جتوائیں اور خود اپنے صوبے کے انتخابی حلقے میں ہار جائیں! ظاہر ہے کہ ان کی شکست کا کوئی امکان نہ تھا، تو باوجود اس دھاندلی کے جس کی عدالتی طور پر نشاندہی کی گئی ہے، اخلاقی طور پر اپنے انتخابات میں مسز گاندھی کی پوزیشن ناقابل شکست تھی۔ اس پس منظر میں اگر مسز گاندھی اور ان کے کانگرسی رفقاء، حزب اختلاف کے مطالبہ استعفیٰ کو ناقابل اعتنا قرار دیں تو وہ اپنے عہدے پر فائز رہیں خصوصاً جبکہ ان کی ہٹ مشہور عالم ہے۔ تو مجھے تعجب نہ ہو گا، یہ امر بھی بعید از قیاس نہیں کہ دریں اثنا کسی قانونی سقم کو دور کرنے کے بہانے خود انتخابی قانون میں ہی تبدیلی کروا دی جائے۔ آخرش پارلیمنٹ میں اکثریت تو کانگرس کی ہے ہی! اب میں ایک اور ایسے عامل کا ذکر

کرتا ہوں جو مسز گاندھی کے حق میں جاتا ہے اور وہ ہے "بڑی طاقتوں" روس اور امریکہ کی ہندوستان کی سالمیت کے تحفظ کی خواہش، روس اور امریکہ کی مستقل عالمی پالیسی رہی ہے کہ ہندوستان کا ایشیا میں وجود مضبوط رہے اسی لئے جہاں امریکہ نے ہندوستان کو اربوں ڈالروں کی اقتصادی امداد دی اور اس کی صنعت کو پروان چڑھایا اور اس کے بھوکوں کو کھانا کھلایا، وہاں روس نے اسے اربوں روبلوں (ROUBLES) کی مالیت کے ہتھیاروں سے لیس کیا، پھر ماسکو نے دہلی سے معاہدہ دوستی کر کے اسے مشرقی پاکستان پر چڑھائی کرنے کے قابل بنایا تو اس جارحیت کے نتیجے کے طفیل جو ہندوستان کو برصغیر میں طاقتور پوزیشن حاصل ہوئی اس کی واشنگٹن نے واشگاف پذیرائی کی اور اس کے طاقت عظیم MAJOR POWER کے مرتبے کو تسلیم کیا، اب یہ حقیقت ہے کہ ان بڑی طاقتوں کا طرز عمل کسی دوسرے ملک کی قیمت پر ایک نہ ایک طرح مزید اثر انداز ہوتا ہے یا تو چھوٹے ملک ان طاقتوں کے زیر اثر رہنے میں



عافیت محسوس کرتے یا وہ اپنی پالیسی کو یوں چلاتے ہیں کہ دونوں طاقتیں ان کے وجود کے قیام کو اپنے لئے مفید سمجھیں، ورنہ اگر ایک طاقت کسی ایک چھوٹے ملک کے خلاف ہو جائے اور دوسری طاقت کو اس کے مستقبل سے کوئی دلچسپی نہ ہو تو اس کی آزاد زندگی کے دن گنتی کے رہ جاتے ہیں، چیکوسلواکیہ میں ڈوبچک DUBCEK کی صدائے حریت اس لئے دب گئی کہ امریکہ نے اس کی تائید میں روس کے خلاف اپنی چھنگلیا تک نہ اٹھائی۔ ٹیٹو کا سٹالن کے خلاف نعرہ مستانہ اس لئے کامیاب رہا کہ اسے مغربی طاقتوں کی امداد حاصل ہو گئی۔ مشرقی پاکستان کے بنگلہ دیش بننے کی اصل وجہ بھی یہی ہے کہ روس اور امریکہ کو پاکستان کی سالمیت سے کوئی دلچسپی نہ تھی ورنہ ہندوستان اس طرح علی الاعلان ایک ایسے ملک پر حملہ نہ کر سکتا جسے اقوام متحدہ کی تمام اقوام نے تسلیم کیا ہوا تھا۔ اب اگر روس اور امریکہ کی یہ بنیادی حکمت عملی ہے کہ ہندوستان کی سالمیت برقرار رہے تو انہیں دیکھنا ہو گا کہ مسز گاندھی کا بطور وزیراعظم رہنا ملک کے لئے ناگزیر ہے یا نہیں۔ ہندوستان کی روس نواز اور کمیونسٹ پارٹیوں نے تو اپنا موقف واضح کر دیا ہے۔ وہ حزب اختلاف کے شور و شر کے خلاف ہیں۔ وہ مسز گاندھی کو وزارت عظمیٰ کے عہدے سے مستعفی نہیں دیکھنا

چاہتیں، اس موقعہ پر ماسکو کی ہیئت حاکمہ ہو گی بلکہ یوں کہنا زیادہ درست ہے کہ اسے اختیار ہی ماسکو کے اشارے پر کیا گیا ہے۔ اس کے خلاف واشنگٹن کو بے شک مسز گاندھی سے کئی معاملات کی جزئیات میں اختلافات اور کچھ شکایات ہوں، لیکن وہ ہندوستان کو مضبوط قیادت سے بحال استوار دیکھنا چاہتے ہیں اور میرا خیال ہے ان کا تجزیہ بھی یہی کہتا ہو گا کہ مسز گاندھی کا بدل موجود نہیں، موجودہ کانگرس میں اندرا گاندھی کو وہی اہمیت حاصل ہے جو نہرو کو پرانی کانگرس میں بیس سال تک حاصل رہی تھی، جہاں مسز گاندھی کے زوال سے کانگرس منتشر ہو جائے گی وہاں اس امر کا کوئی امکان نظر نہیں آتا کہ حزب اختلاف کبھی ملک گیر اور مضبوط قیادت کو ابھارنے کی صلاحیت رکھتا ہو، پھر اس نکتے کو بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ ایشیائی ملکوں میں طاقت کے بغیر قیادت سرانجام نہیں دی جا سکتی، یہ نہیں ہو سکتا کہ محض کانگرس کا صدر ہو کر مسز گاندھی پارٹی کی سربراہی کر سکیں، انہیں جماعتی قیادت کے لئے وزیراعظم ہونا لازمی ہے، اس لئے میری رائے میں واشنگٹن کے زعماء بھی یہ نتیجہ نکالنے پر مجبور ہوں گے کہ امریکہ کے حق میں یہی بات مفید ہے کہ مسز گاندھی کو پوری سفارتی کمک پہنچائی جائے اور مدد رسانی کے ہزار طریقے ہیں۔

ان تمام عوامل کو سامنے رکھ کر میں یہی سمجھتا ہوں کہ مسز گاندھی اپنی سیاسی زندگی کی کٹھن لڑائی جیتنے میں کامیاب ہو جائیں گی، حقیقت یہ ہے کہ ہندوستان خارجی امداد کے بغیر کبھی قائم ہی نہیں رہ سکتا تھا، اس کا معاشرہ ایسے اقدار کی بنیاد پر اٹھا ہے جو اب قطعی موثر نہیں رہے، ہندوستان اسی لئے اپنے واسطے جمہوریت، سوشلزم اور سیکولرازم کی اصطلاحیں استعمال کرتا ہے کہ اس کا اپنا نظام حیات بے معنی بن چکا ہے، چھوت چھات انسانی افتراقیت کی تخلیق ہے، اسے ٹوٹنا ہی ٹوٹنا ہے، اور جب یہ ٹوٹے گا تو اس سے قیامت خیز دھماکہ ہو گا، لیکن اس وقت ہندوستانی قیادت کے ملکی مفادات اور روس اور امریکہ کے عالمی مفادات کا یہ تقاضا ہے کہ اسے ثابت و سالم رکھا جائے اور اس کے لئے دونوں فریق اس حد تک جانے کو تیار ہیں کہ اگر ہندوستان کو چھوٹے ہمسایوں کے خلاف جارحیت سے داخلی تقویت حاصل ہوتی ہے تو اس کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے، یہ دنیا کی واحد مثال ہے کہ ایک ملک میں سیاسی بحران پیدا ہو تو اس کا سربراہ دوسرے ملک کے ردعمل کو موضوع سخن بنائے جو دوسرے ملک سربراہ کو اتنا خطرہ لگے کہ وہ اپنی پوزیشن کو صاف کرنے کی ضرورت محسوس کرے۔ ■

تکبیر

حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ حضور اکرمؐ نے فرمایا "جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہو گا، وہ جنت میں نہ جائے گا" ایک شخص نے عرض کی، ہر شخص اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کا لباس اچھا ہو اس کا جوتا اچھا ہو کیا یہ بھی تکبر میں داخل ہے؟ آنجنابؐ نے فرمایا "اللہ تعالیٰ جمیل ہے جمال کو پسند کرتا ہے اور تکبر کہتے ہیں حق کو باطل کرنا اور لوگوں کو ذلیل و حقیر سمجھنا" (مسلم)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۲ ، شمارہ نمبر ۸

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورانٹو کینیڈا

پاکستان کو بھارت کے معاملات میں ملوث کرنے کی سازش کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی — وزیر اعظم بھٹو

بیرونی مداخلت اور جارحیت ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی

اندرا گاندھی کے بیان پر وزیر اعظم پاکستان کا اظہار افسوس



حکیم الامت کے صد سالہ یوم پیدائش کی تقریبات

پندرہ رکنی کمیٹی قائم کردی گئی

غیر ممالک میں کام کرنے والے پاکستانی آئندہ سال تین ارب روپے کا زرمبادلہ بھیجیں گے



مقبوضہ کشمیر کو بھارت کی غلامی سے نجات دلانے کی جدوجہد جاری رہیگی: مولوی فاروق

سری نگر میں عوامی مجلس عمل کا سالانہ اجلاس شروع ہو گیا

چین اسلام آباد کے سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر کے لیے حسب وعدہ امداد دیتا رہے گا

نوکرشاہی مسلط ہو کر رہ گئی ہے اور ہمیں نظر انداز کیا جا رہا ہے

وزیر اعظم سے پیپلز پارٹی کے عہدے داروں کی شکایت

متحدہ محاذ جمہوریت کی بقا اور احیا کی جنگ لڑ رہا ہے

جب تک اسمبلیوں میں موثر نمائندگی کا حق نہیں دیا جائیگا ہم اسمبلیوں میں نہیں جائیں گے

موجودہ بجٹ قومی بجٹ نہیں ہوگا، کنونشن کی آخری نشست میں رہنماؤں کی تقریریں

میاں ممتاز دولتانہ جائیداد فروخت کر رہے ہیں اور یہ ملک چھوڑیں گے

نواب اکبر بگٹی کو ان کے گاؤں میں نظر بند کر دیا گیا

کوئٹہ ـــــ (ج ک) معلوم ہوا ہے کہ بلوچستان کے سابق گورنر نواب اکبر خان بگٹی کو ڈیرہ بگٹی میں ان کے گھر میں نظر بند کر دیا گیا ہے۔ باوثوق ذرائع کے مطابق چند روز قبل بگٹی قبیلہ کا ایک شخص جو پولیس کو متعدد قتل و ڈکیتی کے مقدمات میں مطلوب تھا، ڈیرہ بگٹی میں اپنے گھر میں چھپا ہوا تھا۔ جب مقامی حکام کو اطلاع ملی تو وہ اسے گرفتار کرنے کے لئے پہنچے لیکن ملزم نے فائرنگ کر دی جس سے ایک پولیس ملازم شدید زخمی ہو گیا اور ملزم اور اس کا ساتھی بھاگ کر نواب بگٹی کے گھر جا پہنچے۔ اور پناہ لے لی اس واقعہ کے بعد نواب بگٹی کو ڈیرہ بگٹی میں نظر بند کر دیا گیا۔

ڈنمارک جانے والوں کو ویزا لینا پڑے گا



کریسنٹ درجہ اول کی ڈاک سے

ہمارے مارچ کے شمارے میں ہمارے استفسار کے جواب میں ہمارے چند قارئین نے اخبار کو درجہ اول کی ڈاک سے بھجوانے کا مشورہ دیا ہے تاکہ اخبار کے دیر سے پہنچنے کی شکایت کا ازالہ ہو سکے۔ جو قارئین اپنی کاپی درجہ اول کی ڈاک سے منگوانے کے خواہش مند ہیں وہ چندے کی شرح کا اعلان یہاں دیئے ہوئے اس کوپن پر بخوبی سے نوٹ فرمالیں۔ شکریہ (ادارہ)

تحریک اسلامی کے کارکن عملی میدان میں اترنے سے پہلے قرآن کریم سے حق و صداقت کے ابدی اصول سیکھیں: مودودی

برآمد شدہ ڈائنامائٹ بلوچستان کو تباہ کرنے کے لئے کافی تھا: انسپکٹر جنرل پولیس

